اُردو اختیاری ایچ ایس ایس سی-II

Version No.	4	3	8	1

وقت: 25 منٹ   حصہ اوّل (کُل نمبر: 20)

نوٹ: حصہ اوّل لازمی ہے۔ اس کے جوابات الگ سے مہیا کی گئی اوایم آر (OMR) جوابی کاپی پر دیں۔ اس کو پہلے پچیس منٹ میں مکمل کر کے ناظم مرکز کے حوالے کریں۔ کاٹ کر دوبارہ لکھنے کی اجازت نہیں ہے۔
لیڈ پنسل کا استعمال ممنوع ہے۔

سوال نمبرا: مہیا کی گئی اوایم آر (OMR) جوابی کاپی پر دی گئی ہدایات کے مطابق ہر سوال کا درست جواب A/B/C/D منتخب کر کے متعلقہ دائرہ (Bubble) پُر کریں۔ ہر جزو کا ایک نمبر ہے۔

(1 ’’ دلی کا یادگار مشاعرہ ‘‘ کس کی تصنیف ہے؟
A فرحت اللہ بیگ   B رشید احمد صدیقی   C مولانا الطاف حسین حالی   D محمد حسین آزاد

(2 ’’ سفرنصیب ‘‘ کا تعلق کس صنف نثر سے ہے؟
A مضمون   B ناول   C افسانہ   D سفرنامہ

(3 ’’ تقابلِ ادیان ‘‘ کا مصنف کون ہے؟
A قاضی محمد سلیمان سلمان   B مولانا شبلی نعمانی   C سید سلیمان ندوی   D ابوالاعلیٰ مودودی

(4 ’’ گنج ہائے گراں مایہ ‘‘ ، ’’ ہم نفسانِ رفتہ ‘‘ کس مصنف کی کتب ہیں؟
A رشید احمد صدیقی   B چراغ حسن حسرت   C علامہ اقبال   D مولوی عبدالحق

(5 غالب کے بعد مزاح نگاری اور ظرافت نے __________ سے فروغ پایا۔
A اودھ پنچ   B گلدستہ   C ادب لطیف   D نیرنگِ خیال

(6 مولوی وحیدالدین سلیم اصطلاح سازی میں کس زبان کے اصولوں سے مدد لیتے تھے؟
A عربی   B فارسی   C انگریزی   D ترکی

(7 فکرتونسوی کی تصانیف کا ذریعۂ اظہار __________ تھا۔
A سادگی   B طنزومزاح   C علامت   D برجستگی

(8 ’’ دربارِ اکبری ‘‘ ، ’’ نیرنگِ خیال ‘‘ کس کی تصانیف ہیں؟
A شبلی نعمانی   B نذیر احمد   C محمد حسین آزاد   D سرسید احمد خان

(9 ’’ جمالستان ‘‘ اور ’’ نگارستان ‘‘ کس صنفِ نثر کے مجموعے ہیں؟
A افسانہ   B انشائیہ   C مضمون   D طنزومزاح

(10 امریکہ کا قومی مشروب کیا ہے؟
A کولا   B چائے   C کافی   D شراب

(11 اردو مکتوب نگاری کی تاریخ میں کس ہمہ جہت عالمانہ شخصیت کو خصوصی مقام حاصل ہے؟
A سرسید احمد خان   B مرزا غالب   C سید سلیمان ندوی   D محسن کاکوروی

(12 مولوی عبدالحق، سعادت حسن منٹو، چراغ حسن حسرت کا تعلق کس صنفِ نثر سے ہے؟
A خاکہ نگاری   B افسانہ نگاری   C تاریخ نویسی   D مکتوب نگاری

(13 علامہ اقبال کے تمام خطوط کو چار ضخیم جلدوں میں کس نے مدون و مرتب کر کے شائع کیا ہے؟
A خواجہ حسن نظامی   B مظفر حسین برنی   C عطیہ فیضی   D سید سلیمان ندوی

(14 میاں محمد بخش کس زبان کے شاعر ہیں؟
A پنجابی   B پشتو   C سندھی   D بلوچی

(15 ’’ پاکستانی زبانوں میں منتخب کلام اقبال کے منظوم تراجم ‘‘ کے مدون کون ہیں؟
A ڈاکٹر انعام الحق جاوید   B رضا ہمدانی   C شفیع عقیل   D علامہ اقبال

(16 کس صنفِ سخن میں قصہ یا موضوع مربوط اور مسلسل ہوتا ہے؟
A غزل   B قصیدہ   C ہجو   D مثنوی

(17 مثنوی ’’ شاہنامہ اسلام ‘‘ کس کی تخلیق ہے؟
A مرزا شوق   B دیا نسیم شنکر   C حفیظ جالندھری   D میر حسن

(18 ’’ مناجاتِ بیوہ ‘‘ ، ’’ نشاطِ امید ‘‘ کس شاعر کی مثنویاں ہیں؟
A حالؔی   B آزاؔد   C میرؔ   D حفیظؔ

(19 مولوی عبدالحق نے میر تقی میر کو کیا کہا ہے؟
A رئیس المتغزلین   B سرتاج شعرائے اردو   C شاعر درد   D باوا آدم

(20 کس شاعر کی غزلیں صرف عشق و عاشقی اور معاملہ بندی تک محدود ہیں؟
A مومن خان مومن   B اصغر گونڈوی   C حسرت موہانی   D ناصر کاظمی

اُردو اختیاری ایچ ایس ایس سی-II

وقت: 2:35 گھنٹے | کُل نمبر حصہ دوم اورسوم: 80

نوٹ: حصہ دوم اور سوم صفحات 2 - 1 پر مشتمل ہے۔ان سوالات کے جوابات علیحدہ سے مہیا کی گئی جوابی کاپی پر دیں۔ ایکسٹراشیٹ (Sheet-B) طلب کرنے پر مہیا کی جائے گی۔آپ کے جوابات صاف اور واضح ہونے چاہئیں۔

حصہ دوم (کُل نمبر 50)

سوال نمبر۲: درج ذیل اجزاء کے تین سے چار سطروں تک محدود جوابات لکھیں: (10x3=30)

(i) رسول کریم ﷺ کا لقب ''رحمتہ للعالمین'' دیگر مشاہیر کے القاب سے کیونکر جامع تر ہے؟

(ii) ''شاعری محض کلام موزوں نہیں'' آزاد کی اس رائے پر اپنے خیالات کا اظہار کریں۔

(iii) خواجہ حسن نظامی نے جھینگر کو کن خصوصیات کا حامل قرار دیا ہے؟

(iv) مرزا فرحت اللہ بیگ کے اندازِ نگارش پر نوٹ لکھیں۔

(یا)

''فکر تونسوی ترقی پسند ادبی تحریک کے عظیم نمائندہ ہیں''، مختصراً تبصرہ کیجیے۔

(v) اکبرالہ آبادی کے نام خط میں علامہ اقبال نے کن جذبات و احساسات کا اظہار کیا ہے؟

(vi) انسان کا مقام و مرتبہ ملائک سے بڑھ کر کیسے ہوسکتا ہے؟ (بحوالہ نظم۔عیب جوئی کی مذمت)

(vii) تشبیہ کی تعریف لکھیں اور مثال سے وضاحت کریں۔

(یا)

مندرجہ ذیل تراکیب کی وضاحت کریں۔

رہِ پُرخونِ عشق ، مہ دوہفتہ ، دل شکستہ

(viii) بہادر شاہ ظفر کے کلام کی نمایاں خصوصیات بیان کریں۔

(ix) مزاح اور طنز میں فرق کی وضاحت کریں۔

(x) مختار مسعود کے حالاتِ زندگی مختصراً بیان کیجیے۔

(یا)

خواجہ میر درد کی شاعری پر مختصر نوٹ لکھیں۔

سوال نمبر۳: سبق اور مُصنّف کا حوالہ دیتے ہوئے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے: (1+1+4=6)

الف۔ بات یہ ہے کہ انہوں نے زمانے کی وہ ٹھوکریں کھائی تھیں کہ خدا کی پناہ۔ خاصا بھلا چنگا آدمی دیوانہ ہو جائے۔ اگر مولوی صاحب کی طبیعت پر ان مصیبتوں نے اتنا اثر کیا تو کیا تعجب ہے۔ جب کسی نااہل کو بڑی خدمت پر دیکھتے تو ان کے آگ لگ جاتی۔ ریل میں دو ایک بڑے شخصوں کا ذکر آیا، انہوں نے ہر دفعہ یہی کہا: ارے میاں! گدھا ہے، ایک سطر صحیح نہیں لکھتا، اور دیکھو کون ہیں کہ نواب صاحب، ہم کو دیکھو تمام عمر علم حاصل کرنے میں گزار دی، اس اخبار کی اڈیٹری کی، اس رسالے کے منیجر ہوئے، سرسید کی خدمت میں سرگاڑی، پاؤں پہیہ کیا۔

ب۔ ترتیب میں ایک اور نقص یہ ہے کہ اس کے تحت آپ ضرورت سے زیادہ چاق و چوبند ہو جاتے ہیں۔ ہر قدم پھونک پھونک کر رکھتے ہیں۔ کوئی قدم اٹھانے سے پہلے ہزاروں بار دائیں بائیں آگے پیچھے نظر دوڑاتے ہیں۔ آپ کا ہر عمل بردباری، فراست، تہذیب اور توازن سے مملو ہو جاتا ہے اور آپ کی شخصیت کی باگ دوڑ خرد کے ہاتھ میں چلی جاتی ہے۔ یہ کوئی قابلِ مبارک باد بات نہیں۔ کیونکہ اس سے آپ کے آگے بڑھنے، ترقی پذیر ہونے اور پھلنے پھولنے کے امکانات ختم ہو جاتے ہیں۔

سوال نمبر۴: کسی ایک جزو کی بحوالہ شاعر تشریح کیجیے اور نظم کا عنوان بھی لکھیں: **(1+4=5)**

الف۔ آمد و رفت میں تھا ہم قدمِ برق براق
مرغزارِ چمن عالمِ بالا بادل
ہفت اقلیم میں اس دین کا بجایا ڈنکا
تھا تری عام رسالت کا گرجتا بادل
دینِ اسلام تری تیغِ دودم سے چمکا
یا اٹھا قبلے سے دیتا ہوا کاندھا بادل

ب۔ رہیں کھلتے اس میں روشن مدام
معطر شب و روز جس سے مشام
چھپرکھٹ مرصّع کا دالان میں
چمکتا تھا اس طرح ہر آن میں
زمین پر تھی اس طور اس کی جھمک
ستاروں کی جیسے فلک پر چمک

سوال نمبر۵: کوئی سے تین غزلیہ اشعار کی فرداً فرداً تشریح کیجیے اور ہر شعر کے خالق کا نام بھی لکھیے: **(3+3+3=9)**

الف۔ رہا ٹیڑھا مثالِ نیشِ کژدم
کبھی کج فہم کو سیدھا نہ پایا

ب۔ بے حجابی سے تری ٹوٹا نگاہوں کا طلسم
اک ردائے نیلگوں کو آسماں سمجھا تھا میں

ج۔ ثباتِ زندگی ہے گرچہ دم پر
ولے ہم کو نہیں دم کا بھروسا

د۔ کس سے محرومیٔ قسمت کی شکایت کیجیے
ہم نے چاہا تھا کہ مر جائیں، سو وہ بھی نہ ہوا

ہ۔ کسی نے مول نہ پوچھا دلِ شکستہ کا
کوئی خرید کے ٹوٹا پیالہ کیا کرتا

حصّہ سوم (کُل نمبر 30)

سوال نمبر۶: ادبی تحقیق اور تنقید کے حوالے سے ڈاکٹر سید عبداللہ کس سلسلے کی کڑی ہیں؟ ان کی ادبی خدمات پر نوٹ لکھیں۔ **(10)**

(یا)

خواجہ حسن نظامی کے اسلوب پر نوٹ لکھیں۔

سوال نمبر۷: میر حسن کی مثنوی نگاری پر نوٹ لکھیں۔ **(10)**

(یا)

دیا نسیم شنکر کی شاعرانہ خوبیوں کا احاطہ کیجیے۔

سوال نمبر۸: ناصر کاظمی کے حالاتِ زندگی اور فن پر نوٹ لکھیں۔ **(10)**

(یا)

علامہ اقبال کی شاعری پر نوٹ لکھیں۔

-----2HS 1838-----